RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲۲ — مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ ذی الحجہ ۱۳۱۲ سنہ ہجری مطابق ۳ جون ۱۸۹۵ء عیسوی — جلد ۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
۱	روبکار حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم انضمام صیغہ اسٹور زیر نگرانی محفوظ اللہ خانصاحب	۱و۲
۲	حکم اجلاس کامل اسناد ریونیو...	۲
۳	روبکار صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر اضافہ بابو رائے بہاری لال بانک	۲
۴	روبکارات صاحب ریونیو ممبر بہادر انتظام جلسے مولوی تفضل حسین نائب سررشتہ زراعت و کارگزاری	۳
۵	انتظام جلسے ... اجلاس	۳
۱	روبکار حضور پرنور دام اقبالہم بابت تعطیل ہر دو عید الضحے	ضمیمہ
۲	روبکار صاحب ریونیو ممبر بہادر بابت ممانعت ...	
۳	روبکار کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل ...	
۴و۵	نقشہ جات ...	

روبکار اجلاس ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم پریزیڈنٹ ریاست رامپور — واقع ۲۲ مئی ۱۸۹۵ء

اسلحہ خانہ خاص اور ریپورٹس وغیرہ کا اہتمام اب تک محفوظ اللہ خانصاحب کے زیر نگرانی تھا چونکہ وہ سررشتہ آڈٹ کی افسری پر مامور کیے گئے مناسب ہے کہ صیغہ ہائے مذکورہ کے واسطے علیحدہ بندوبست کیا جاے اس لیے تجویز کیا جاتا ہی کہ ریپورٹس بگلہ صاحبزادہ کپتان سرفراز علیخان بہادر کے تعلق اور سپارنس روم و شاگرد پیشہ و اصطبل خاص کی نگرانی

کیسان محمد فضل خان صاحب کے اہتمام میں اور سلہ خانہ خاص ...
محمد مبارک علی خان بہادر کے متعلق کیا جاوے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا کی ایک نقل درج گزٹ ہو کر سررشتہ سے اطلاعات ضابطہ جاری ہوں۔

حکم اجلاس کامل واقع ۲۰ مئی سنہ ۱۸۹۵ء

صاحب ریونیو ممبر بہادر کی تحریک دربارۂ اضافہ دیوان صدر حضور پرنور ہز ہائینس جناب نواب صاحب بہادر ان کونسل پیش ہوئی۔ اوس کام پر جو دیوان صدر سے متعلق ہے سررشتہ آڈٹ کے تعلقات عانت بھی اضافہ کر دیئے گئے تہ یا مناسب ہے کہ بجلد وے حسن کارگذاری و اضافہ تعلقات اونکو پچاس ۵۰ روپیہ ماہوار من ابتداے جون سنہ ۱۸۹۵ء علاوہ تنخواہ مقررہ اور دیا جاوے
کونسل باتفاق رائے اس اضافہ کو منظور کرتی ہے اور نسبت توسیع میعاد خدمات علحدہ درخواست اس تصریح کے ساتھ آنا چاہیئے کہ میعاد منظور شدہ سابق کی تاریخ ختم ہو گئی۔

مثل بغرض اجراے احکام ضابطہ اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر میں بھیجی جاوے

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم — دستخط صاحب اجلاس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر — دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق اس تجویز کے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۹ مئی سنہ ۱۸۹۵ء

روبکار اجلاس صاحب اجلاس پریزیڈنٹ بہادر واقع ۲۰ مئی سنہ ۱۸۹۵ء

بابو بانکے بہاری لال پاٹھک کو مبلغ چالیس روپیہ کتب خانہ سے ملتے تھے جو بوجہ بند ہو جانے کام کتب خانہ کے بند ہو گئے بر بناے سفارش صاحب ریذیڈنٹ بہادر پولیٹکل افسر در بابت ترقی تنخواہ ہیڈ کلرک مذکور نوٹ اجلاس عالیہ کونسل میں ۱۳ مئی سنہ ۱۸۹۵ء کو پیش ہو کر تجویز ہوئی کہ اگر بابو بانکے بہاری لال صرف ہیڈ کلرکی کا کام کریں تو مبلغ اسی ۸۰ روپیہ تنخواہ اونکو ملیگی اور اگر محافظ دفتری ریذیڈنسی کا کام بھی انجام دیں تو مبلغ سو ۱۰۰ روپیہ اونکو ملینگے اس تجویز کی اطلاع پر صاحب ریذیڈنٹ بہادر کی تحریر انگریزی نمبری ۴۷۵ ۱۹-۱ الف مورخہ ۱۸ مئی سنہ ۱۸۹۵ء موصول ہوئی کہ بابو بانکے بہاری لال کو کام محافظ دفتری کرنا منظور ہے سو ۱۰۰ روپیہ تنخواہ پائیں گے اور چونکہ اونکی تنخواہ ماہ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء سے ... رہ گئی ہے لہذا اوسی تاریخ سے رقم اضافہ ملنا چاہیے

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ نسبت اضافہ تنخواہ پندرہ ۱۵ روپیہ ماہوار تنخواہ ہیڈ کلرکی و پچیس ۲۵ روپیہ تنخواہ محافظ دفتری یعنی پینتیس ۳۵ روپیہ من ابتداے ماہ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء حسب تحریر صاحب ریذیڈنٹ بہادر پولیٹکل افسر جاری ہوں اب اونکو سو ۱۰۰ روپیہ پورے ملا کرینگے۔ درج گزٹ بھی ہو۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۲۲ مئی ۱۸۹۵ء

مولوی تفضل حسین نائب منصرم نزول و گڑھ آور آبکاری کا انتقال ہو گیا لہذا حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے ۔

(۱) سید جعفر علی اہلمد بلاسپور باضافہ پانچ روپیہ بعہدہ نائب منصرم نزول و گڑھ آور آبکاری ۔

(۲) فیاض علیخان اہلمد سب تحصیل ٹانڈہ باضافہ عہ روپیہ بعہدہ اہلمد بلاسپور ۔

(۳) ٹھاکر داس معاون اہلمد حضور تحصیل باضافہ یک روپیہ ماہوار اہلمد تحصیل ٹانڈہ ۔

(۴) راجندر پرشاد امیدوار بمشاہرہ عہ ماہوار معاون اہلمد حضور تحصیل مقرر کیا جاوے احکام ضابطہ جاری ہوں اور چونکہ اس انتظام میں بلحاظ تعداد مشاہرہ سابقہ ان اہلکاران کی بچت ہے اسواسطے سید فدا علی اہلمد اول اجلاس ہذا کو بوجہ کثرت کار متعلقہ عہ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ دیا جاوے احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۲۲ مئی ۱۸۹۵ء

بزمانہ رخصت و علالت عبدالقادر اہلمد دوم اجلاس ہذا کے محمد علی معاون اہلمد ملازمان سے اجلاس میں کام لیا گیا اب چونکہ عبدالقادر کا انتقال ہو گیا اور ضرورت انتظام مستقل کی ہے لہذا ۔

حکم ہوا کہ

محمد علی مذکور اپنی اوسی تنخواہ پر جو اب دو ملتی ہے بجگہ سید فدا علی اہلمد اول کے اجلاس میں مستقل کیا جاوے اور بجائے محمد علی کے صاحبزادہ برکت علیخان امیدوار بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار معاون اہلمد ملازمان مقرر کیا جاوے احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

روبکار اجلاس ہزہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم
واقع ۲ر جون ۱۸۹۵ء

عید الضحٰی کے واسطے عید سے ایام تشریق تک ریاست کے دفترون مین تعطیل رہتی ہے مگر روز حج کو جو زیادہ متبرک اور مذہب ہمایون اسلام مین بہت بڑی عبادت کا دن ہے تعطیل دینے کا خیال نہین کیا جاتا ہمارے نزدیک یہ روز مبارک تعطیل کے واسطے زیادہ ضروری ہے نوین ذی الحجہ یعنی عرفہ کے روز تعطیل رہنا چاہیے۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ سے احکام اطلاعی جاری اور ایک ایک نقل روبکار ہذا کی ممبر صاحبان کونسل اور نیز کل عدالتون مین بھیجدی جاوے اور ایک نقل عام اطلاع کے واسطے درج گزٹ کی جاوے۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر
واقع ۲ر جون ۱۸۹۵ء

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ ایک معاملہ کے متعلق متعدد اور بار بار اوسی مضمون کے عرائض جو ایک مرتبہ طے ہو چکا ہے مستغیث لوگ گذرانتے ہین اور اس ذریعہ سے ہر مرتبہ عرضی گذرانے پر مثل برآمد ہوتی ہے اور عرصہ تک یہ سلسلہ منقطع نہین ہوتا اور بالآخر وہی حکم پھر صادر ہوتا ہے جو پہلے ہو چکا تھا اس کارروائی مین سواے تضیع اوقات و ابتری و طوالت کام کے کوئی نتیجہ نہین معلوم ہوتا ہم اس خرابی کو رفع کرنا چاہتے ہین اور تجویز کرتے ہین کہ ہمیشہ ایسی عرائض کے ساتھ یعنی کہ جسمین کہ ایک مرتبہ حکم ہو چکا ہی نقل تجویز یا حکم مصدقہ کاغذ اسٹامپ شامل ہونا چاہیے ورنہ بلا شمول نقل تجویز یا حکم کے ایسی عرضی نہ لیجاوے اہلکاران اجلاس کو بروقت گذرنے عرائض کے اسکا لحاظ رہنا چاہیے۔

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا بغرض اعلان و اطلاع عام در عدالت پر چسپان کیجاوے اور سررشتہ دار مرتبہ جملہ وکلا و عرائض نویسان کو بغرض اطلاع دستخط اطلاعیابی کرالین روبکار ہذا درج گزٹ بھی ہو۔

[illegible]

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

ملاحظہ ہوا درج گزٹ ہو۔ ۲۳ مئی ۱۸۹۵ء

روداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل بلاسپور منعقدہ ۵ مئی ۱۸۹۵ء

سید علی حیدر صاحب تحصیلدار صدر نشین کمیٹی

منشی غلام رسول خان نائب تحصیلدار سکرٹری کمیٹی

اسمائے شرکائے جلسہ

ملازمین

۱- محمد رفیع محرر صفائی۔

غیر ملازمین

لالہ مادھو رام صاحب - ممبر - ملا محمد عظیم صاحب - ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- رپورٹ منشی میٹ صفائی بلاسپور کہ مسمے کاشی رام نے راستہ مین ٹھیکرے کلیون کے ڈالے ہین جسکی وجہ سے راستہ بہت غلیظ ہوگیا اور تعفن بھی آتا ہے یہ حفظ صحت کے بالکل خلاف ہے اسکی بابت انتظام مناسب ہونا چاہیے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ درحقیقت مسمے کاشی رام نے ٹھیکرے کلیون کے راستہ مین ڈالے ہین کہ جو بالکل مضر صحت ہے صاحب سکرٹری کمیٹی مسمے کاشی رام کو بلاکر ہدایت اور فہمایش مناسب کرین کہ ٹھیکرے کلیون کے وہان نہ ڈالے۔
۲- نوٹ محرر صفائی بلاسپور کہ محلہ کمہاران مین جاروب کشی نہین ہوتی ہے جسکی وجہ سے محلہ غلیظ رہتا ہے اہل محلہ بہت شاکی ہین انتظام ہونا چاہیے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ محرر صفائی اوس خاکروب سے کہ جو اس علاقہ کے قریب کام کرتا ہے اس محلہ کا بھی کام صفائی لین چونکہ یہ محلہ قریب بازار ہے اسمین جاروب کشی ہونا ضرور ہے۔ صاحب صدر نشین نے بھی منظور کیا۔
۳- رپورٹ منشی میٹ ملازم صفائی بلاسپور کہ مسمے کاشی رام کے چبچہ کا پانی ہر وقت راستہ مین بہتا ہے مسمے کاشی رام کو جو ہدایت صفائی چبچہ کی گئی تو اونہون نے کہا کہ ہم ہروسہ خاکروب کو اجرت	بالاتفاق تجویز ہوا کہ ذریعہ محرر صفائی لالہ کاشی رام کو ہدایت ہو کہ وہ صفائی چبچہ کا انتظام کرین اور نیز ہروسہ خاکروب کو محرر صفائی روبرو صاحب سکرٹری کمیٹی پیش کرین۔ صاحب سکرٹری کمیٹی تنبیہ مناسب کرینگے

صفائی چھپتے ہیں اور صاف نہیں کرتا۔ اسکی بابت انتظام ہونا مناسب ہے	صاحب صدر نشین نے بھی قبول و منظور کیا۔
۴۔ مسمے چندو برہمن نے راستہ میں اپنے پیش دروازہ جدید چبوترہ بنایا ہے جس سے راستہ بہت تنگ ہو گیا ہے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ لالہ بادھو رام ممبر میونسپل بورڈ اور محرر صفائی موقع دیکھیں اگر چبوترہ جدید ہے فوراً قطع کرا دیں۔ صاحب صدر نشین نے منظور کیا۔
۵۔ رپورٹ [illegible] ملازم صفائی بلاسپور کہ مسمے شب لال پٹواری مرزا پور سکنہ بلاسپور نے اپنے مکان کے روبرو لب راستہ سرکاری زمین پر گڈھا کیا ہے اور اوسمیں سے مٹی لیکر اپنا مکان تعمیر کیا ہے اسکی بابت انتظام ہونا چاہیے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ درحقیقت مسمے شب لال نے لب راستہ گڈھا کیا ہے اور کوئی اجازت وغیرہ حاصل نہیں کی اول صاحب سکرٹری بھی موقع دیکھیں بعدہ شب لال پٹواری کا جواب لیا جاوے اور کمیٹی آئندہ میں پیش کیا جاوے۔ اوسیوقت تجویز مناسب کیجاویگی۔

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

مطبوعہ ۳ جون ۱۸۹۵ء جلد

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۷ مئی لغایت ۲ جون ۱۸۹۵ء

بیان	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتے										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		جمع	تفصیل		ایکسال سے ۶ سال تک		۶ سال سے ۱۰ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل							
	مسلم	ہنود	مسلم	ہنود		مسلم	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلم	ہنود	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	۱	۱	۱	۱	۴	۲	۲	۱۱	۳	۱	۱	۸	۱۰	۲۰	۱۴	۲۳	۱۱	۰	۰	۰	۳۳	۳۳	۰
شاہ آباد	۸	۱۰	۴	۱۲	۳۴	۱۲	۲۲	۱۳	۹	۴	۱	۷	۲	۲۱	۱۲	۶	۲۷	۰	۰	۲۰	۱۳	۳۳	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	″
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۳	۳	۳	۳	۰	۶	۰	۰	۰	۶	۶	۰
ٹانڈہ	۱	۱	۳	۲	۷	۲	۳	۰	۰	۲	۲	۰	۲	۲	۲	۳	۳	۰	۰	۰	۴	۶	۰
میزان	۱۰	۱۲	۸	۱۵	۴۵	۱۸	۲۷	۲۳	۱۱	۵	۴	۱۸	۱۷	۲۶	۳۲	۳۱	۴۷	۰	۰	۲۰	۵۶	۵۹	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۷ مئی لغایت ۲ جون ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۵؍	۰	۱۶؍	۱۴؍	۱۶؍	حضور تحصیل و ملک سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۲۰؍	۰	۱۸؍	۲۰؍	۱۹؍	
نخود کسہ آمیز	۰	۲۱؍	۰	۲۰؍	۲۳؍	۲۲؍	
جو	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
[illegible]	۰	۹؍	۰	۸؍	۱۰؍	۱۶؍	
مونگ	۰	۱۱؍	۰	۰	۰	۰	
مکا	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
جئی	۰	۲۵؍	۰	۰	۳؍	۳۰؍	
گوجئی	۰	۰۰۶؍	۰	۰۲۲؍	۰۲۲؍	۱۹؍	
مسور	۰	۲۰؍	۰	۰	۰	۰	
ارہر	۰	۰۲۵؍	۰	۰	۰	۲۰؍	
برنج	۰	۰	۰	۱۰؍	۱۰؍	۰	
روغن زرد	۰	۱؍	۰	۱؍	۱۱۱؍	۱؍	
روغن سیاہ	۰	۲؍	۰	۰۲؍	۰۲؍	۰۲؍	
روغن کنجد	۰	۰۲؍	۰	۰	۰	۲؍	
نمک سانبھر	۰	۹؍	۰	۹؍	۰۸؍	۰۹؍	
نمک لاہوری	۰	۰۶؍	۰	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۰	۳؍	۰	۰	۹؍	۰۸؍	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور